ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

04-10-2021

# بہاولپور() ڈی پی او محمد فیصل کامران کی رواں ہفتے کے پہلے ورکنگ دن کھلی کچہری، 55 شہریوں نے پولیس سے متعلقہ اپنے مسائل بیان کیے،شہریوں کی درخواستوں پر بروقت کارروائی اور ازالہ اولین ترجیح ہے،کمی وکوتاہی ہرگز برداشت نہیں،ڈی پی او

تفصیلات کے مطابق وزیراعلی پنجاب سردار عثمان بزدار اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان کی شہریوں کو فوری انصاف کی فراہمی اور اوپن ڈور پالیسی کے تحت ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اپنے دفتر میں روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری منعقد کرنے کے سلسلہ میں رواں ہفتے پہلے ورکنگ ڈے کھلی کچہری لگائی،جس میں 55 شہریوں نے پولیس سے متعلقہ اپنے مسائل بیان کیے۔ڈی پی او نے سائلین سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ڈکیتی وقتل جیسے سنگین نوعیت کے مقدمات پر روزانہ کی بنیاد پر فالواپ لیکر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے جاتے ہیں تاکہ زیر تفتیش مقدمات کو جلد از جلد حقائق پر یکسو کیا جاسکے اور ان مقدمات میں ملوث ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچا کر شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف پہنچایا جاسکے،مقدمات کی تفتیش میں میرٹ ہرصورت مقدم رکھا جائے،کسی سے ناانصافی نہیں ہونی چاہیے،متعدد شہریوں کی درخواستوں پر متعلقہ پولیس افسران کو آن کال لیتے ہوئے کمیونٹی پولیسنگ اور انسانیت کے جذبے کے تحت حل کرنے اور متعینہ وقت میں ڈی پی او آفس رپورٹ بھجوانے کے بھی احکامات جاری کیے۔اس موقع پر ڈی پی او نے بات کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہماری ذمہ داری ہے،درخواستوں پر بروقت کارروائی نہ کرنے والے افسران اپنے آپ کو احتساب کے لیے تیار رکھیں۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس



بہاول پور: ڈی پی او محمد فیصل کامران کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل سن کر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے،

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

04-10-2021

**بہاول پور() پولیس موبائل خدمت مرکز کی گزشتہ 01 ماہ کی پراگریس رپورٹ، 01 ہزار سے زائد شہری پولیس سے متعلقہ مختلف سروسز سے مستفید ہوئے، پولیس موبائل خدمت مرکز شہریوں کو ان کی دہلیز پر سروسز فراہم کر رہی ہے تاکہ انہیں دور دراز کا سفر نہ کرنا پڑے، شہریوں کو سہولیات بہم پہنچانے میں تمام وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے جس سے شہریوں کے پولیس سے متعلقہ مسائل فوری حل ہونگے، ڈی پی او محمد فیصل کامران۔**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب سردار عثمان بزدار اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان کے احکامات کے مطابق شہریوں کی آسانی اور سہولیات کے پیش نظر پولیس خدمت مراکز (بہاول پور، احمد پور شرقیہ، حاصل پور)، پولیس موبائل خدمت مرکز کے علاوہ ہسپتالوں میں پولیس خدمت کاؤنٹرز کام کر رہے ہیں، جس میں شہریوں کو FIR کے اندراج کی درخواست سمیت پولیس سے متعلقہ مختلف سروسز فراہم کی جا رہی ہیں، اسی سلسلہ میں شیڈول کے مطابق مختلف علاقوں میں پولیس موبائل خدمت مرکز شہریوں کو ان کی دہلیز پر پولیس سے پولیس سے متعلقہ سروسز فراہم کر رہی ہے، انچارج موبائل خدمت مرکز اور ان کی ٹیم نے بہاول پور کے مختلف علاقوں میں جاری عالمی وباء کورونا وائرس کے دوران بھی عوام کی خدمت کا سلسلہ جاری رکھا ہوا، گزشتہ 01 ماہ کے دوران 01 ہزار سے زائد شہری پولیس موبائل خدمت مرکز کے ذریعے دی جانے والی سروسز سے مستفید ہوئے، ان سروسز میں FIR کے اندراج کی درخواست، میڈیکل لیگل سرٹیفکیٹ، کریکٹر سرٹیفکیٹ، FIRs کی کاپی، کرایہ نامہ کا اندراج، تجدید لرنر پرمٹ، تجدید ریگولر لائسنس، کاغذات کی گمشدگی رپورٹ، گاڑیوں کی ویریفیکیشن، جنرل پولیس ویریفکیشن، لرنر رینیول، ڈرائیونگ لائسنس آن لائن/کریکشن، انٹرنیشنل ڈرائیونگ لائسنس، ڈپلیکیٹ ڈرائیونگ لائسنس اور کرائم رپورٹ کا اندراج شامل ہیں۔ ڈی پی او محمد فیصل کامران نے کہا کہ پولیس موبائل خدمت مرکز شہریوں کو ان کی دہلیز پر سروسز فراہم کر رہی ہے تاکہ انہیں دور دراز کا سفر نہ کرنا پڑے، شہریوں کو سہولیات بہم پہنچانے میں تمام وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے جس سے شہریوں کے پولیس سے متعلقہ مسائل فوری حل ہونگے جس سے عوام کو پولیس پر مزید اعتماد بڑھنے کے ساتھ ساتھ بے پناہ ریلیف ملے گا۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

04-10-2021

**بہاول پور() پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں، متعدد منشیات فروش اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیا، مقدمات درج، جرائم پیشہ عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، بہاول پور کو ایسے عناصر سے پاک کیا جائے گا، ڈی پی او محمد فیصل کامران۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کی پالیسی "منشیات سے پاک معاشرہ" پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی ہدایات کے مطابق بہاول پور پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے منشیات اور ناجائز اسلحہ برآمد کر لیا، پولیس تھانہ ہیڈ راجکاں، مسافر خانہ اور کوتوالی نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان محمد شاہ زیب، محمد آصف اور شعیب انور کو گرفتار کر لیا، جن کے قبضہ سے 1580 گرام چرس برآمد کر لی، تھانہ مسافر خانہ پولیس نے شراب فروش کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزم محمد کامران کو گرفتار کر لیا جس کے قبضہ سے 80 لیٹر شراب، 80 لیٹر لہن معہ چالو بھٹی شراب برآمد کر لی، غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے پولیس تھانہ بغداد الجدید اور صدر یزمان نے ملزمان محمد اعجاز، محمد وقار، محمد سرور اور بشیر احمد سے 03 عدد پسٹل 30 بور، ریپٹر 12 بور متعدد گولیاں برآمد کر لیں، متعلقہ پولیس نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے، ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کسی رعایت کے مستحق نہیں، بہاول پور کو ایسے عناصر سے پاک کرنے کے لیے دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس



بہاول پور: پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں، متعدد ملزمان گرفتار، مقدمات درج۔